6 ستمبر 2016ء

اسٹیٹ بینک کی جانب سے عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے موقع پر بینکاری خدمات کی باسہولت فراہمی کے لیے جامع انتظامات

بینک دولت پاکستان نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کی بینکاری سے متعلق ضروریات میں سہولت دینے کے لیے خصوصی انتظامات کیے ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد عوام کو عید کی تعطیلات کے دوران مشکلات سے پاک بینکاری خدمات کی فراہمی ہے۔

عوام کی ضروریات کا ادراک کرتے ہوئے اسٹیٹ بینک نے کمرشل بینکوں اور مائیکروفنانس بینکوں کی تمام شاخوں کو ہدایات دی ہیں کہ وہ انہیں 10 ستمبر 2016ء کو صبح 9 بجے سے شام 5 بجکر 30 منٹ تک عوام کو بینکاری خدمات کی فراہمی کے لیے کھلا رکھیں۔

نیز، عیدالاضحیٰ کی چھٹیوں کے دوران اے ٹی ایم سروس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے اسٹیٹ بینک نے تمام بینکوں/ مائکروفنانس بینکوں کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ عوام کی سہولت کے لیے ضروری اقدامات کرلیں۔ اس کے علاوہ اسٹیٹ بینک نے تمام بینکوں/ مائیکروفنانس بینکوں کو پہلے ہی ہدایات جاری کررکھی ہیں کہ وہ ایک دوسرے کے اشتراک سے مویشی منڈیوں اور بازاروں جیسے کاروباری مقامات پر کیا سک، اے ٹی ایم اور موبائل اے ٹی ایم کی تنصیب کا خصوصی بندوبست کریں تا کہ خریداروں اور فروخت کنندگان کو سہولت مل سکے۔ یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ رقوم کی موجودگی کا جائزہ لینے کے لیے اے ٹی ایم کی مسلسل نگرانی کی جاتی رہے تا کہ جہاں رقم کی کمی ہو اسے بروقت پورا کیا جاسکے۔

اسٹیٹ بینک ہمیشہ اس بات کے لیے کوشاں رہا ہے کہ عوام کو بینکاری خدمات مسلسل میسر آتی رہیں۔

****